Reg. No. ....................................

Name : ....................................

**SY 21**

**March 2019**

Time : 2½ Hours
Cool-off time : 15 Minutes

Part–III

# URDU (Optional)

Maximum : 80 Scores

***General Instructions to Candidates :***

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.
- Calculations, figures and graphs should be shown in the answer sheet itself.
- Give equations wherever necessary.
- Electronic devices except non-programmable calculators are not allowed in the Examination Hall.

**1 سے 3 تک کے تمام سوالوں کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے۔** **(Scores : 3 × 1 = 3)**

1. سعدی شیرازی مشہور حکایت نگار ہیں۔ ان کی ایک کتاب کا نام لکھیے۔

2. فلمی دنیا سے تعلق رکھنے والے کسی ایک اردو شاعر کا نام لکھیے۔

3. اردو میں کئی اصنافِ سخن ہیں۔ کسی ایک صنفِ سخن کا نام لکھیے۔

**4 سے 7 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم دو جملوں میں لکھیے۔ (Scores : 3 × 2 = 6)**

4. زلیخا حسین کیرالا کی ایک مشہور ناول نگار ہیں۔ ان کی ناولوں کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

5. اردو کے چند سوانح نگاریاں بہت مشہور ہیں۔کسی دو سوانح نگاریوں کے نام لکھیے۔

6. افسانہ 'گھونسلا' کے پسندیدہ کسی دو کرداروں کے نام لکھیے۔

7. نیچے دیے گئے مصرعوں سے دو تلمیحات چن کر لکھیے :

ابن مریم ہوا کرے کوئی

خضر کا کام کروں راہ نما بن جاؤں

**8 سے 10 تک کے تمام سوالوں کے جواب کم از کم تین جملوں میں لکھیے۔ (Scores : 3 × 3 = 9)**

8. حکایت 'عجمی غلام' سے ہمیں کیا پیغام ملتا ہے ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

9. 'نعت' سے کیا مراد ہے ؟ اس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

10. 'سفرنامہ ابن بطوطہ' میں کئی شہروں کے نام کا ذکر کیا گیا ہے۔کسی تین شہروں کے نام لکھیے۔

**11 سے 16 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم پانچ جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 5 × 5 = 25)**

11. حسن نظامیؔ کی انشائیہ 'مچھر' میں مچھّروں کے فائدے کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔ کیا آپ اس رائے سے متفق ہیں ؟ چند الفاظ میں بیان کیجیے۔

12. میر انیسؔ کی رباعی کے مدِنظر دنیا میں نیکی پھیلانے کے لئے چند تجاویز پیش کیجیے۔

13. نیچے دیے گئے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

''تہذیب کی اس یک جہتی کو اردو کی شہادت کافی ہے کچھ اور نشان بھی ملتے ہیں، تھوڑی سی بصیرت کافی ہے۔''

14. شیخ ابراہیم ذوقؔ کے قصدیے میں بہادور شاہ ظفرؔ کی بہت سی خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ظفرؔ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ بیان کیجیے۔

15. نظم 'خواہش' میں افسرؔ میرٹھی نے سماجی خدمت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔ اسی طرح آپ کو بھی کئی خواہش ہوں گی۔ چند الفاظ میں بیان کیجیے۔

16. نیچے دیے گئے شعر کا مطلب غور سے لکھیے :

''کہاں میخانہ کا دروازہ غالبؔ اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں، کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے''

**17 سے 22 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 5 × 6 = 30)**

17. صنف غزل اردو کی جان اور آبرو ہے۔ غزل کی چند خصوصیات لکھیے۔

18. نیچے دیے گئے کرداروں میں کسی ایک پر مختصر نوٹ تیار کیجیے :

تاجی، عالیہ بانو، راجا

19. سبق 'غالب کی شخصیت' سے غالبؔ کے کسی دو لطیفے چن کر لکھیے۔

20. نظم 'عجیب آدمی تھا وہ' میں شاعر نے آدمی کی کئی عجائبات کا ذکر کیا ہے۔ آدمی میں آپ کیا کیا عجائبات دیکھتے ہیں؟ واضح کیجیے۔

21. کیرالا میں آج کل ایک فطری حادثہ میں بہت لوگ مر گئے۔ فطرت کی حفاظت کے لئے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

22. اردو کے پسندیدہ کسی افسانہ نگار کے بارے میں مختصر طور پر ایک نوٹ تیار کیجیے۔

**سوال 23 اور 24 میں سے کسی 1 کا جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے۔ (Scores : 1 × 7 = 7)**

23. نہرو کہتا ہے کہ ہندوستان میں کئی مسائل ہیں۔ آپ کی رائے میں ہندوستان کیا کیا مسائل کا سامنا کر رہا ہے؟ انہیں حل کرنے کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

24. 'سفرنامہ ابن بطوطہ' میں ملبار کی منظرکشی بہت دلکش انداز میں پیش کی گئی ہے۔ آپ کے پسندیدہ کسی ایک سفر کے تجربات اپنے الفاظ میں لکھیے۔